# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

4

Date: 16 May-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۶؍مئی ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ ریاستی مقننہ کے بلوں پر گورنر کو فیصلہ لینے کیلئے وقت کی حد مقرر کرنے کا اختیار عدالت کو ہے یا نہیں؟ عدالتِ عظمیٰ سے صدرِ جمہوریہ کا استفسار۔

☆ بین الاقوامی ایٹمی توانائی ادارہ پاکستان کے جوہری ہتھیاروں کو اپنے قبضے میں لے: وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ کا بیان۔

☆ آبی وسائل کے وزیر رادھا کرشن وکھے پاٹل کی جانب سے 80 فیصد ناکارہ پانی کو دوبارہ استعمال کرنے کی ضرورت کا اظہار۔

☆ ریاست کے مختلف مقامات پر ترنگا یاترا ؤں میں شہریوں کی جانب سے مسلح افواج کی بہادری کی ستائش۔

اور۔۔۔☆ کھیلو انڈیا کھیل مقابلوں کا اختتام-158 تمغے جیت کر مہاراشٹر نے حاصل کیا پہلا مقام۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے عدالتِ عظمیٰ سے استفسار کیا ہے کہ ریاستی مقننہ کے منظور کردہ بلوں پر گورنر کو فیصلہ لینے کیلئے وقت کی حد مقرر کرنے کا اختیار عدالت کو ہے یا نہیں؟ تمل ناڈو اسمبلی میں منظور شدہ بل گورنر کے پاس لمبے عرصے تک التوا میں رہنے کے معاملے پر عدالتِ عظمیٰ نے یہ مشاہدہ کرتے ہوئے کہا تھا کہ گورنر کی جانب سے مقررہ وقت تک فیصلہ نہ کیے جانے پر ان کی رضامندی کا قیاس کیا جانا چاہیے۔ صدرِ جمہوریہ نے اس حوالے سے 14 سوالات اٹھائے ہیں۔ صدرِ جمہوریہ نے اپنے خط میں اس بات پر غور کرنے کی درخواست کی کہ گورنر کے کام کاج سے متعلق آئین کی دفعہ 200 اور 201 میں اس طرح کے وقت کی پابندی کا ذکر نہیں ہے، اور سوال کیا کہ کیا یہ عدالتی فیصلہ، صدر اور گورنر کو آئین کے ذریعے دیے گئے اختیارات کی خلاف ورزی کرتا ہے۔

***** ***** *****

وقف اصلاحات بل کو چیلنج کرنے والی درخواستوں پر آئندہ 20 مئی کو عدالتِ عظمیٰ میں سماعت ہوگی۔ چیف جسٹس بھوشن گوائی اور جسٹس آگسٹین جارج مسیح کی بنچ نے درخواست گزاروں کے وکیل کپل سبل اور سالیسٹر جنرل تشار مہتا سے کہا ہے کہ 19 مئی کو عدالت میں اپنی درخواستیں پیش کریں۔

***** ***** *****

وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ بین الاقوامی ایٹمی توانائی ادارے کو پاکستان کے جوہری ہتھیاروں کو اپنے قبضے میں لینا چاہیے۔ وہ گزشتہ روز جموں و کشمیر کے دارالحکومت سری نگر میں دفاعی دستوں سے خطاب کر رہے تھے۔ سنگھ نے اپنے احساسات کا اظہار کرتے ہوئے بتایا کہ پورے ملک کو آپریشن سندور میں حاصل ہونے والی کامیابیوں پر فخر ہے۔ انھوں نے کہا:

**Byte: Rajnath Singh**

***** ***** *****

پونے کے تاجروں نے بھارت ۔ پاکستان کی جنگ میں پاکستان کی حمایت کرنے والے ترکیہ سے آنے والے خشک میوہ جات کا بائیکاٹ کر دیا ہے۔ ''پہلے ملک بعد میں تجارت'' کا موقف پونے کی تاجروں کی تنظیم نے اپنایا ہے۔ وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے تنظیم کے اس فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے۔ وہ گزشتہ روز پونے میں ذرائع ابلاغ سے مخاطب تھے۔

دریں اثنا وزیر اعلیٰ نے بتایا کہ ریاستی حکومت جلد ہی مراٹھا ریزرویشن کے معاملے پر عدالت میں اپنا موقف پیش کرے گی۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ریاستی حکومت عدالتِ عظمیٰ کے حکم کے مطابق ریاست میں بلدیاتی انتخابات وقت پر کرانے کی کوششیں کر رہی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے مہایوتی کی حلیف جماعتوں کے ساتھ ان انتخابات میں اُترنے کا اعلان بھی کیا۔

اسی دوران مرکزی مملکتی وزیر برائے سماجی انصاف رام داس آٹھولے نے ان انتخابات کو مہایوتی کے طور پر لڑنے کے فیصلے کی حمایت کی ہے۔ وہ گذشتہ روز چھترپتی سمبھاجی نگر میں صحافیوں سے مخاطب تھے۔ آٹھولے نے آپریشن سندور کی کامیابی کیلئے حکومت کی تعریف بھی کی۔

***** ***** *****

وزیرِ محصول چندر شیکھر باونکولے کی صدارت میں کل منترالیہ میں منعقدہ اجلاس میں خانہ بدوش طبقات سے تعلق رکھنے والے افراد کو ریاست میں کہیں بھی راشن دکانوں سے اناج کی دستیابی سمیت طبقے کو درپیش مختلف مسائل کے سلسلے میں اہم فیصلے لیے گئے۔ باونکولے نے ہدایت کی چھترپتی شیواجی مہاراج مہاراجسو سمادھان کیمپ منعقد کر کے خانہ بدوشوں کو ذات سرٹیفکیٹ، آدھار کارڈ، راشن کارڈ سمیت مختلف سرٹیفکیٹ فراہم کیے جائیں۔

***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

آبی وسائل کے ریاستی وزیر رادھا کرشن وکھے پاٹل نے مقامی خود مختار اداروں کو 80 فیصد پانی کو دوبارہ استعمال کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ وہ کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں گوداوری آبپاشی ترقیاتی بورڈ کے اجلاس سے خطاب کررہے تھے۔ وکھے پاٹل نے آبی وسائل محکمے کے ماتحت دونوں کارپوریشنوں کو خود مختار بنانے کیلئے ایک کمیٹی تشکیل دینے کی اطلاع بھی دی۔

اس اجلاس میں چاروتانڈا آبی ذخیرہ کے نظرِ ثانی شدہ منصوبے کو انتظامی منظوری بھی دی گئی۔ یہ منصوبہ چھترپتی سمبھاجی نگر ضلعے کے سوئیگاؤں تعلقے میں تقریباً 680 ہیکٹر اراضی کو سیراب کرے گا اور اطراف واکناف کے دیہاتوں میں آبپاشی اور پینے کے پانی کے مسائل حل کرنے میں بھی مدد ہوگی۔ اس اجلاس میں آبپاشی سے متعلق کئی دیگر اُمور بھی زیرِ غور آنے کی اطلاع ہے۔

***** ***** *****

آپریشن سندور کے بعد بی جے پی کی جانب سے ملک بھر میں ترنگا یاترا کا سلسلہ جاری ہے۔ اہلیا نگر ضلعے کے کوپرگاؤں میں کل ایک عظیم الشان ترنگا مشعل یاترا نکالی گئی۔ بیڑ ضلعے کے امباجوگائی میں بھی ''ترنگا یاترا'' کو شہریوں کی بہتر پذیرائی ملی۔ لاتور ضلعے کے اودگیر میں بھی کل 'ترنگا یاترا' کا انعقاد کیا گیا۔ ''ہم اودگیرکر'' کے بینر تلے اس ترنگا یاترا میں اودگیر شہر اور تعلقہ کے شہریوں، خواتین اور نوجوانوں، طلبہ، سیاسی جماعتوں اور سماجی تنظیموں کے ذمہ داران نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

***** ***** *****

بھارتی فوج کے کی جانب سے آپریشن سندور پر چھترپتی سمبھاجی نگر کی قومی طلبہ تنظیم ۔ این سی سی کے اسوسی ایٹ این سی سی افسر لیفٹیننٹ ڈاکٹر گجانن سانپ نے اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ ڈاکٹر سانپ نے کہا کہ اس کارروائی سے ملک کے شہریوں کو ملک پر حملہ آور طاقتوں کو گھر میں گھس کر جواب دینے کا اعتماد حاصل ہوا ہے۔

***** ***** *****

کھیلو انڈیا مقابلوں کا‘ کل اختتام ہوگیا۔اس ٹورنامنٹ میں 158 تمغے جیت کر میڈل ٹیلی میں مہاراشٹر سرِ فہرست مقام پر ہے۔ان میں 58 طلائی، 47 نقرئی اور 53 کانسے کے تمغے شامل ہیں۔ان مقابلوں میں ہریانہ اور راجستھان نے بالترتیب 117 اور 60 تمغے جیت کر دوسرا اور تیسرا مقام حاصل کیا۔

***** ***** *****

لاتور ضلعے میں آم کے کسانوں کو بازاروں تک رسائی فراہم کرنے کے مقصد سے ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر پارک میدان پر ایک ضلعی سطح کا آم میلہ منعقد کیا جائے گا۔ضلع کلکٹر ورشا ٹھاکر گھوگے کے تصور پر منعقد ہونے والے اس آم میلے میں آموں کی فروخت کیلئے اسٹال لینے متعلقہ تعلقے کے زرعی افسر کے دفتر سے رابطہ کرنے کی اپیل ضلع زرعی سپرنٹنڈنٹ آرتی مادھونے کسانوں سے کی ہے۔

***** ***** *****

شیوسینا رہنما اور یوا سینا کے سربراہ آدتیہ ٹھاکرے کی قیادت میں آج چھترپتی سمبھا جی نگر میں پانی کی قلّت کے خلاف ایک عظیم الشان احتجاجی مورچہ نکالا جائے گا۔ یہ اطلاع قانون ساز کونسل میں قائدِ حزبِ اختلاف امباداس دانوے نے دی۔انھوں نے بتایا کہ یہ احتجاجی مورچہ شام ساڑھے چار بجے کرانتی چوک پر شیواجی مہاراج کے مجسّمے کو خراجِ عقیدت پیش کر کے شروع کیا جائے گا۔

***** ***** *****

انڈین میڈیکل ایسوسی ایشن کی قومی قانونی شاخ کی اسٹینڈنگ کمیٹی میں چھترپتی سمبھا جی نگر کے ڈاکٹر انوپم ٹاکلکر کی تقرری کی گئی ہے۔ڈاکٹر ٹاکلکر آئی ایم اے کی چھترپتی سمبھا جی نگر شاخ کے صدر ہیں۔اس تقرری پر شہر کے طبی حلقوں کی جانب سے انھیں مبارکباد پیش کی جارہی ہے۔

***** ***** *****

جالنہ ضلعے کے بھوکردن تعلقے کے سرنگڑی میں کل بجلی گرنے سے ایک کاشتکار کی موت واقع ہوگئی۔اس کسان کا نام باجی راؤ دانڈگے بتایا گیا ہے۔ گذشتہ روز کھیت میں باجرا کی کٹائی کے دوران یہ حادثہ پیش آیا۔چھترپتی سمبھا جی نگر شہر اور اطراف و اکناف کے علاقوں میں بھی کل ہلکی بارش ہوئی۔

دریں اثنا، آج بیڑ، لاتور اور دھاراشیو اضلاع میں ہلکی تا درمیانی بارش کی پیش گوئی محکمہ موسمیات نے کی ہے۔

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ ریاستی مقننہ کے بلوں پر گورنر کو فیصلہ لینے کیلئے وقت کی حد مقرر کرنے کا اختیار عدالت کو ہے یا نہیں؟ عدالتِ عظمیٰ سے صدرِ جمہوریہ کا استفسار۔

☆ بین الاقوامی ایٹمی توانائی ادارہ پاکستان کے جوہری ہتھیاروں کو اپنے قبضے میں لے: وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ کا بیان۔

☆ آبی وسائل کے وزیر رادھا کرشن وکھے پاٹل کی جانب سے 80 فیصد ناکارہ پانی کو دوبارہ استعمال کرنے کی ضرورت کا اظہار۔

☆ ریاست کے مختلف مقامات پر ترنگا یاتراؤں میں شہریوں کی جانب سے مسلح افواج کی بہادری کی ستائش۔

اور۔۔۔☆ کھیلو انڈیا کھیل مقابلوں کا اختتام۔158 تمغے جیت کر مہاراشٹر نے حاصل کیا پہلا مقام۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****